نوٹس برائے نیلامی برسیم(سبز چارہ)

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف فارمز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے پارس فارم پر مربع نمبر 23 میں 100 کنال برسیم (سبز چارہ) کا نیلام عام پارس فارم، جھنگ روڈ، فیصل آباد پر 26 نومبر 2018 بوقت 10 بجے صبح کیا جائے گا۔

بولی دہندگان کو مندرجہ ذیل قوانین وشرائط پر عمل کرنا ہوگا:۔

1۔ بولی سے قبل شناختی کارڈ کی کاپی فراہم کرنا لازم ہوگا۔

2۔ تمام بولی دہندگان کو بولی سے قبل مبلغ -/20,000 روپے بطورِ زرِ ضمانت (قابلِ واپسی) آکشن کمیٹی کو جمع کروانا ہونگے۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو فائلر (Filer) ہونے کی صورت میں 10% اور غیر فائلر (Non Filer) ہونے کی صورت میں 15% گورنمنٹ انکم ٹیکس بحق سرکار جمع کروانا ہوگا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ سے بولی کی کل رقم کا 1/3 حصہ موقع پر وصول کیا جائے گا جبکہ بقیہ رقم آفیسر/ مجاز اتھارٹی کی منظوری کی اطلاع کے بعد دو اقساط میں واجب الادا ہوگی جس کے دو عدد ایڈوانس چیک ضمانت کے طور پر وصول کئے جائیں گے جو کہ بالترتیب 20-01-2019 اور 20-02-2019 کی تاریخوں کے ساتھ کیش کروائے جاسکیں۔

5۔ مندرجہ بالا قوانین وشرائط پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی اور بولی شدہ برسیم کی فصل دوسرے نمبر پر آنیوالے بولی دہندہ کی رضامندی پر سابقہ منظور شدہ ریٹ (پہلی بلندترین بولی) کے مطابق مذکورہ بالا شرائط کے تحت حوالے کی جائے گی۔

6۔ مجاز اتھارٹی نیلامی کو منسوخ کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔

نوٹ: مذکورہ بالا تاریخ کو بولی کامیاب نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ نیلامی 29 نومبر 2018 بوقت 10 بجے صبح منعقد ہوگی اگر بولی کامیاب منعقد نہ ہوئی تو یہی بولی دوبارہ پھر 5 دسمبر 2018 بوقت 10 بجے صبح منعقد ہوگی۔